12654 ـ نماز توپڑھتا ہے لیکن رمضان المبارک کےروزے نہیں رکھتاتوکیا وہ کفرکا مرتکب ہورہا ہے ؟

سوال

کیا روزے ترک کرنے والا کافر ہے اگرچہ وہ نماز کی پابندی بھی کرتا ہواور بغیر کسی عذر اورمرض کے روزے نہ رکھے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جوبھی روزے کے وجوب کا انکار کرتے ہوئے روزے نہ رکھے وہ بالاجماع کافر ہے ، اورجوبھی سستی اورکوتاہی کی وجہ سے روزہ نہ رکھے توبعض اہل علم اسے کافر قرار دیتے ہیں ، لیکن صحیح یہی ہے کہ وہ کافر تو نہیں لیکن اسلام کا ایک رکن ترک کرنے کی وجہ سے وہ خطرے میں ہے کیونکہ اس نے ایک فرض ترک کیا ہے جس کی بنا پر وہ سزا کا مستحق ہے اورحکمران کی جانب سے اسے سزاملنی چاہیے تا کہ وہ اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرتے ہوئے اس رکن پر عمل پیرا ہو ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .